© rasailojaraid.com



کہ اسلام اور سرمایہ دارانہ نظام (CAPITALISIM) کا فرق اور قوانین اسلامی کے اندر حکمت الٰہیہ کی اہمیت واضح ہوجائے، بعض مسائل میں عصر حاضر کے فقہاء کی کتابوں اور اقوال وآراء کو بھی بخوبی جمع فرمایا ہے۔

کتاب فقہ البیوع دو ضخیم جلدوں میں طبع ہوگئی ہے، جن کے کل صفحات ۱۲۵۵ ہے اور حضرت شیخ الاسلام دامت برکاتہم نے تقریباً ۲۷۳ مصادر ومراجع سے بھرپور استفادہ فرمایا ہے، جن میں زیادہ تر عربی مصادر ہیں اور بہت تھوڑی اردو کتابیں ہیں، جبکہ ۲۳ انگریزی مراجع بھی ہیں، کتاب ان شا اللہ مذاہب اربعہ کے مروجہ مسائل کا بہترین انسائیکلو پیڈیا ہے، عنوانات سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے، بعض معرکۃ الآراء مسائل پر بہترین اور منقح انداز میں بحث کی گئی ہے، مثلاً غیر مسلموں کا مسلمانوں کے ملک میں زمین وجاگیر خریدنا اور گھر بنانا، خاص حجاز مقدس، اور فلسطین میں صلیبیوں اور صہیونی قوتوں کا جاگیر خریدنا، اور بستیاں ومکانات بنانے کے حوالے سے عمدہ فقہی مباحث ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ کتاب فقہ البیوع اگرچہ دیگر معتمد کتب فقہ کی بنسبت حجم میں کم ہے لیکن عربی کہاوت ہے ربما یوجد فی الأنہار ما لایوجد فی البحار یہ عظیم علمی، فقہی، قانونی اور تجارتی سوغات پر مشتمل اپنی نوعیت کا منفرد مجموعہ مکتبہ معارف القرآن دارالعلوم کراچی کورنگی سے بہترین طباعت، عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد بندی کیساتھ دستیاب ہے (مبصر: مولانا مفتی محمد سجاد الحجابی)

اعتذار: مولانا سجاد حجابی کا علمی وتحقیقی تبصرہ آٹھ صفحات پر محیط تھا مگر صفحات کی تنگدامنی اور کثرتِ مواد کی وجہ سے اس کا خلاصہ شامل تبصرہ ہے۔ ادارہ اس جسارت پر معذرت خواہ ہے۔

## ● نبی کریم ﷺ کی صورت وسیرت ............مولانا حکیم محمد عمر فاروق

فن سیرت کا آغاز درحقیقت بعث نبویؐ کے روز اول ہی سے ہوگیا تھا، سیرت مقدسہ ایک ایسا موضوع ہے جس پر اپنوں اور غیروں نے قلم اٹھایا ہے۔ سیرت نبوی وسعتوں کا حامل موضوع ہے، دنیا کی ہر زبان میں اس پر بے تحاشا کتابیں، رسائل، مقالات، مضامین اور کالم لکھے گئے ہیں، اور اردو زبان میں بھی اس پر بے شمار لوگوں نے خامہ فرسائی فرمائی ہے، تاہم جس نے بھی موقع پاکر اس مقدس موضوع پر لکھنے کو اپنی سعادت سمجھا اگرچہ ان تمام گوشوں کا احاطہ کرنا بھی دل گردے کا کام ہے۔ زیر نظر کتاب ''نبی کریمؐ کی صورت وسیرت'' بھی اسی سلسلۃ الذہب کی ایک کڑی ہے۔ جسے حضرت مولانا حکیم محمد فاروق قریشی نے قلمبند کیا ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع کے لحاظ سے منفرد اسلوب کی حامل ہے۔ حکیم صاحب نے چار ابواب پر مشتمل اس کتاب میں عمدہ انداز، اور اختصار کے ساتھ نبی کریمؐ کی سیرت وصورت کے ہر پہلو کا ذکر کیا ہے۔ ہر پڑھے لکھے شخص کو آپؐ کی مختصر سیرت وصورت کا علم حاصل کرنے کیلئے اس مختصر اور جامع کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ جناب مولانا

© rasailojaraid.com